# پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی، حیات آباد پشاور

**سوال نمبر:۔ 4894 منجانب :۔ جناب اعظم خان دُرانی صاحب، رکن صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخواہ**

## سوال

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ!

الف:۔ آیایہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں محکمہ کے زیرنگرانی کئی کارپارکنگ ہیں؟

ب:۔ آیایہ درست ہے کہ محکمہ مذکورہ کارپارکنگ باقاعدہ نیلامی کے ذریعے ٹھیکیدار کو دیتا ہے؟

ج:۔ اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) پشاور شہر میں محکمہ کے زیرنگرانی کتنے کارپارکنگ ہے جن کو باقاعدہ نیلامی کے ذریعے ٹھیکیدار کو دیا جاتا ہے ان کی نیلامی کیلئے اخبار کا اشتہار، ٹھیکیداروں کے نام اور فی گاڑی رقم وصول کرنے کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(ii) پی ڈی اے، ارایم ائی اور ناتھ ویسٹ کے سامنے جو کارپارکنگ ہے کیا یہ محکمہ کی ملکیت ہے اور باقاعدہ نیلامی کے ذریعے ٹھیکیدار کو دیئے گئے ہیں؟

(iii) مذکورہ کارپارکنگ اگر محکمہ کی ملکیت نہیں تو ٹھیکیدار سڑک پر کھڑی گاڑیوں سے پیسے کیوں اور کس قانون کے تحت وصول کرتے ہیں تفصیل فراہم کی جائے؟

## جواب

الف:۔ محکمہ پی ڈی اے کے زیرنگرانی صرف حیات آباد ٹاؤن میں کارپارکنگ ہیں۔

ب:۔ ہاں۔

ج:۔ (i) پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیرنگرانی صرف حیات آباد ٹاؤن پشاور میں مندرجہ ذیل پانچ کارپارکنگ ہیں ان کی نیلامی کیلئے اخبار کا اشتہار، ٹھیکیداروں کے نام اور فی گاڑی رقم وصول کرنے کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | کار پارکنگ کا نام | ٹھیکیدار کا نام | رقم وصول کرنے کی تفصیل | اخبار کا اشتہار |
|---|---|---|---|---|
| 1. | پارکنگ بلمقابل رحمان میڈیکل انسٹیٹیوٹ، حیات آباد | ٹھیکہ ختم ہے اور دوبارہ نیلام کیلئے کام جاری ہے۔ | موٹر کار/جیپ -/20 روپے | |
| 2. | پارکنگ بلمقابل حیات آباد میڈیکل کمپلیکس حیات آباد | سردار خان ولد حاجی بڈا خان | موٹر سائیکل -/10 روپے | لف ہے |
| 3. | پارکنگ بلمقابل پی ڈی اے ہاؤس، فیز-V، حیات آباد | ناصر علی خان ولد علی خان | سائیکل -/05 روپے | لف ہے |
| 4. | انٹری اینڈ کار پارکنگ فیس واقع باغ ناران حیات آباد | ٹھیکہ ختم ہے اور دوبارہ نیلام کیلئے کام جاری ہے۔ | | |
| 5. | انٹری اینڈ کار پارکنگ فیس واقع تاتارا پارک حیات آباد | سردار خان ولد حاجی بڈا خان | | لف ہے |

(ii) جی ہاں۔ پی ڈی اے، آر ایم ای اور نارتھ ویسٹ کے سامنے جو کارپارکنگ ہے یہ محکمہ کی ملکیت ہے اور باقاعدہ نیلامی کے ذریعے ٹھیکیدار کو دی گئی ہے۔

(iii) مذکورہ کارپارکنگ محکمہ پی ڈی اے کی ملکیت ہیں اور ٹھیکیدار گاڑیوں سے پیسے محکمہ پی ڈی اے کی اجازت سے قانون کے تحت وصول کرتے ہیں، کیونکہ ہسپتال میں آنے والے لوگوں کو پارکنگ کی سہولت میسر نہیں تھی اور آئے دن مذکورہ بالا جگہوں سے گاڑیاں چوری ہوجاتی تھیں، اس لیے محکمہ ہذا نے حیات آباد کے رہائشیوں کی سہولت کیلئے مندرجہ بالا کارپارکنگ شروع کیں۔

اللہ ہی کیلئے ہیں مشرق و مغرب القرآن

DAILY MASHRIQ PESHAWAR

عہد نو کے بانی
سید تاج میر شاہ

روزنامہ مشرق پشاور

مسلسل اشاعت کے 48 سال

پشاور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

ABC CERTIFIED

جلد 48 | جمعۃ المبارک 27 محرم الحرام 1436ھ 21 نومبر 2014ء 8 منگھر قیمت 12 روپے | شمارہ 94

# پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی حیات آباد پشاور

## نوٹس نیلامی برائے کار پارکنگ حیات آباد میڈیکل کمپلیکس فیز-IV حیات آباد پشاور

۱۔ پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی حیات آباد ٹاؤن کے فیز-IV میں حیات آباد میڈیکل کمپلیکس کے سامنے واقع کار پارکنگ کا ٹھیکہ عرصہ ایک سال کیلئے نیلام کرنا چاہتی ہے۔

۲۔ نیلامی مورخہ 8 دسمبر 2014ء بوقت 11:00 بجے پی ڈی اے ہاؤس حیات آباد میں ہوگی۔ مقررہ تاریخ پر نیلامی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی مورخہ 9 دسمبر 2014ء کو ہوگی۔

۳۔ خواہشمند حضرات ڈائریکٹر جنرل پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے نام مبلغ پانچ لاکھ (-/5,00,000) روپے کا کال ڈیپازٹ برائے کار پارکنگ بالمقابل حیات آباد میڈیکل کمپلیکس فیز-IV' حیات آباد قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور ملکیتی زمین کے فرد کے ساتھ زیر دستخطی کے دفتر میں نیلامی سے قبل جمع کرا سکتے ہیں۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ اپنی بولی کا 25% موقع پر جبکہ بقایا رقم چار مساوی ماہانہ اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

۵۔ مجاز اتھارٹی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بھی بولی منظور یا نامنظور یا جملہ نیلامی منسوخ کردیں۔

۶۔ تفصیلی شرائط نیلامی زیر دستخطی کے دفتر میں دفتری اوقات کار میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

ہاؤسنگ آفیسر' ہیڈ کوارٹر
پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی' حیات آباد پشاور
فون نمبر 091-9217026-9/ Ext: 317,377

# پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی حیات اباد پشاور

## نوٹس نیلامی

پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات ناقابل واپسی پریمیم کی بنیاد پر نیلام کرنا چاہتی ہے۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | ٹھیکے کا نام | زر بیعانہ/کال ڈیپازٹ | ٹھیکے کی میعاد | ماہانہ کرایہ | تاریخ نیلامی پہلی بار | تاریخ نیلامی دوسری بار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کیبن واقع لیڈیز پارک فیز-VI حیات آباد پشاور (برائے خواتین) | 50,000/- | 1 سال (صرف) | 4000/- | 26 مئی 2014ء | 27 مئی 2014ء |
| 2 | کار پارکنگ بالمقابل پی ڈی اے ہاؤس (سروس روڈ)، فیز-V حیات آباد ٹاؤن پشاور | 2,00,000/- | 1 سال (صرف) | 4000/- | 26 مئی 2014ء | 27 مئی 2014ء |

(۱)۔ نیلامی میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات کیلئے مندرجہ بالا ٹھیکہ جات کیلئے مقرر شدہ کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے ہمراہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور ملکیتی زمین کے فرد کیساتھ نیلامی سے قبل دفتر ہذا میں جمع کرانا ضروری ہے۔ (۲)۔ ناکام بولی دہندہ گان کو زر ضمانت بولی کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔ جبکہ پہلے اور دوسرے نمبر پر بولی دہندہ گان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کی حتمی منظوری تک روک لئے جائیں گے نیز اپنی دی گئی پیشکش سے منحرف ہونے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کا کال ڈیپازٹ (زر ضمانت) بحق پی ڈی اے ضبط کیا جائے گا۔ (۳)۔ نیلامی مقررہ تاریخ پر بوقت 11:00 بجے پی ڈی اے ہاؤس حیات آباد میں ہوگی۔ مقررہ تاریخ پر نیلامی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی مندرجہ بالا مقررہ تاریخ پر ہوگی۔ (۴)۔ کیبن واقع لیڈیز پارک کیلئے کامیاب بولی کا 25% موقع پر جبکہ بقایا 75% رقم (پریمیم) ایک ہفتے کے اندر اندر جمع کرنی ہوگی۔ جس کے بعد قبضہ دیا جائے گا۔ کار پارکنگ بالمقابل پی ڈی اے ہاؤس کیلئے کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا 25% موقع پر جبکہ بقایا 75% رقم (پریمیم) چار (4) برابر ماہانہ اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہوگا جو کہ ہر مہینے کی پانچ تاریخ تک ایڈوانس واجب الادا ہوگی۔ (۵)۔ کیبن لیڈیز پارک فیز-VI، حیات آباد پشاور کے چلانے کا اختیار صرف خواتین کو ہوگا مگر نیلامی میں بذریعہ اختیار مرد نمائندہ حصہ لے سکتا ہے۔ (۶)۔ تفصیل شرائط زیر دستخطی کے دفتری اوقات کار میں دیکھی جا سکتی ہے۔ (۷)۔ مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کوئی بولی منظور یا نامنظور یا نیلامی منسوخ کر دیں۔

**ہاؤسنگ آفیسر (ہیڈکوارٹر)**
**پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی، حیات آباد، پشاور**

21-5-2014 روزنامہ آج

http://www.dailymashriq.com.pk

اللہ ہی کیلئے ہیں مشرق و مغرب القرآن

DAILY MASHRIQ PESHAWAR

روزنامہ مشرق پشاور

عہد نو کے بانی سید تاج میر شاہ

مسلسل اشاعت کے 47 سال

ABC CERTIFIED

پشاور، اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

جلد 47 ہفتہ 27 رمضان المبارک 1435ھ 26 جولائی 2014ء 12 ساون قیمت 12 روپے شمارہ 340


... First come First serve basis ... 30th July 2014. Only shortlisted candidates will be contacted for Test/interview. No TA/DA should be provided.

**Note: Preference will be given to local candidates**

پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی حیات آباد پشاور

## نوٹس نیلامی

پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات نیلام کرنا چاہتی ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | ٹھیکے کا نام | زر بیعانہ / کال ڈیپازٹ | تاریخ نیلامی پہلی بار | تاریخ نیلامی دوسری بار |
|---|---|---|---|---|
| 1 | انٹری اینڈ کار پارکنگ تاتارہ پارک حیات آباد پشاور | -/10,00,000 (دس لاکھ) | 11 اگست 2014ء | 12 اگست 2014ء |
| 2 | کیبن واقع لیڈیز پارک فیز-VI حیات آباد (برائے خواتین) | -/50,000 (پچاس ہزار) | 11 اگست 2014ء | 12 اگست 2014ء |
| 3 | دکانات بس سٹینڈ فیز-6 فیز-7 | 5,00,000 (پانچ لاکھ) | 11 اگست 2014ء | 12 اگست 2014ء |

### تفصیل دکانات

| نمبر شمار | فیز نمبر | مارکیٹ | بلاک نمبر | سیکٹر | دکان نمبر | تعداد | سائز رقبہ | ماہانہ کرایہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 6 | بس سٹینڈ | - | F-3 | 3,4,5,6,7,8,9,10 | 3 | تقریباً 154sft فی دکان | 10 روپے فی مربع فٹ |
| 2 | 7 | بس سٹینڈ | - | E-5 | 1,2,3,6,7,8,9,10 | 8 | تقریباً 154sft فی دکان | 10 روپے فی مربع فٹ |

1۔ نیلامی میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات کیلئے مندرجہ بالا ٹھیکہ جات کیلئے مقررہ شدہ کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے ہمراہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ نیلامی سے قبل دفتر ہذا میں جمع کرانا ضروری ہے۔ نیز انٹری اینڈ کار پارکنگ تاتارہ پارک حیات آباد اور کیبن واقع لیڈیز پارک فیز-VI حیات آباد کیلئے قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے علاوہ ملکیتی زمین کے فرد کے ساتھ جمع کرانا ضروری ہے۔ 2۔ کامیاب بولی دہندہ برائے انٹری اینڈ کار پارکنگ تاتارہ پارک حیات آباد اور کیبن واقع لیڈیز پارک فیز-VI حیات آباد کا زر بیعانہ بطور سیکورٹی ٹھیکہ کی میعاد ختم ہونے تک روک لی جائیگی اور کامیاب ٹھیکہ کی تکمیل پر واپس کردی جائیگی بصورت دیگر بقایاجات کی صورت میں یہ زر بیعانہ سیکورٹی ایڈجسٹ کرلی جائیگی۔ 3۔ نیلامی مندرجہ بالا مقررہ تاریخ پر بوقت 11:00 بجے پی ڈی اے ہاؤس حیات آباد میں ہوگی۔ مقررہ تاریخ پر نیلامی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی مندرجہ بالا مقررہ تاریخ پر ہوگی۔ 4۔ کیبن واقع لیڈیز پارک، فیز VI، حیات آباد پشاور (برائے خواتین) کھلی بولی کے ذریعے اور بغیر پریمیم کے صرف دو سال کیلئے ماہانہ کرایہ پر دینا چاہتی ہے۔ بولی صرف ماہانہ کرایہ کیلئے ہوگی۔ کیبن واقع لیڈیز پارک کے چلانے کا اختیار صرف خواتین کو ہوگا، مگر نیلامی میں بذریعہ بااختیار مرد نمائندہ حصہ لے سکتی ہے۔ 5۔ تفصیلی شرائط زیر دستخطی کے دفتری اوقات کار میں دیکھی جا سکتی ہے۔ 6۔ مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بولی منظور یا نامنظور یا نیلامی منسوخ کردیں۔

ہاؤسنگ آفیسر (ہیڈ کوارٹر) پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی، حیات آباد پشاور

فون نمبر 091-9217026-9 (Ext:317,377)